# تارکین وطن کے لیے صحت کوریج کے اختیارات

یہ حقائق نامہ تارکین وطن کی صحت کوریج کے اختیارات سمجھنے میں ان کی مدد کرنے کے لیے نیویگیٹرز اور مصدقہ درخواست سے متعلق صلاح کاران (مجموعی طور پر، اعانت کاران) کو جاننے لائق معلومات اور رہنمائی فراہم کرتا ہے۔


مجموعی جائزہ ........ 2
Marketplace کی اہلیت ........ 2
Marketplace کی مالی اعانت کے لیے اہلیت ........ 3
ملے جلے ترک وطن کی حالت والے گھرانے ........ 3
Marketplace کوریج کے لیے درخواست دینا ........ 3
ترک وطن کی حالت کی تصدیق اور توثیق کرنا ........ 3
فیملی ممبروں کی جانب سے کوریج کے لیے درخواست دینا ........ 4
ڈیٹا کی مماثلت کے مسائل ........ 5
Medicaid اور CHIP کی اہلیت ........ 5
قانونی طور پر مقیم بچوں اور حاملہ افراد کے لیے Medicaid اور CHIP کوریج ........ 6
Medicaid کی ہنگامی کوریج ........ 7
Medicare کی اہلیت ........ 7
کوریج کے دیگر اختیارات ........ 8
صارفین کی امیگریشن کی حیثیت پر گفتگو کرنے کے لیے تقاضے اور بہترین طرزِ عمل ........ 8
اندراج کے عمل کے دوران تارکین وطن کی مدد کرنے کے لیے تجاویز ........ 9
اہلیت اور اندراج کے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے تجاویز ........ 10
تارک وطن صارف کی اہلیت کا منظر نامہ ........ 11
اضافی وسائل ........ 12



جولائی 2022۔ یہ معلومات صرف وفاقی طور پر سہولت یافتہ Marketplace میں نیویگیٹرز یا مصدقہ درخواست سے متعلق صلاح کاروں کے بطور خدمت انجام دینے کے لیے ہستیوں اور افراد کے لیے اسعمال کے ارادے سے ہیں۔ "وفاقی طور پر سہولت یافتہ Marketplace" اور "FFM" کی اصطلاحیں، جیسا کہ اس دستاویز میں استعمال ہوئی ہیں، FFMs پر مشتمل ہیں جہاں ریاست ہذا پلان کے نظم و نسق کے اعمال انجام دیتی ہے۔ اس مینوئل میں درج کچھ معلومات ریاست پر مبنی Marketplace میں صارفین کی مدد کرنے والے افراد کے لیے باعث دلچسپی ہو سکتی ہیں۔ یہ دستاویز صرف قانونی تقاضوں کے خلاصے کے بطور اور آپریشن سے متعلق معلومات فراہم کرنے کے ارادے سے ہے اور یہ بذات خود کوئی قانونی حقوق یا جوابدہی تخلیق نہیں کرتی ہے۔ تمام قانونی تقاضے قابل اطلاق قانون اور ضوابط میں پوری طرح بیان کر دیے گئے ہیں۔ اس دستاویز کے مشمولات قانون کی طاقت اور اثر نہیں رکھتے ہیں اور یہ کسی بھی طرح سے عوام کو اندھیرے میں رکھنے کے لیے نہیں ہے، الّا یہ کہ معاہدے میں خصوصی طور پر ضم کیا جائے۔ یہ دستاویز صرف قانون کے تحت موجودہ تقاضوں کے سلسلے میں عوام کو وضاحت فراہم کرنے کے لیے ہے۔ یہ مواد امریکی ٹیکس دہندگان کے خرچ پر پرنٹ، شائع یا پیش اور تقسیم کیا گیا تھا۔

## مجموعی جائزہ

بہت سارے تارکین وطن صحت بیمہ Marketplace (Health Insurance Marketplace®i) کے ذریعے یا Medicaid یا چلڈرنز ہیلتھ انشورنس پروگرام (Children's Health Insurance Program, CHIP) کے ذریعہ صحت کوریج کے لیے اہل ہیں، جس کا انحصار ان کے ترک وطن کی حالت یا دیگر اہلیتی معیار پر ہوتا ہے جیسا کہ 45 CFR § 152.2 اور (42 CFR §§ 435.4, 435.406 (Medicaid) اور (457.320 (CHIP)) میں بیان کیا گیا ہے۔ صحت کوریج میں اندراج کروانے میں تارک وطن درخواست دہندگان کی مدد کرنے والے اعانت کاران پر لازم ہے کہ نگہداشت صحت اور کوریج کے مختلف اختیارات کے لیے ان صارفین کی اہلیت کو متاثر کرنے والے وفاقی اور ریاستی اصولوں سے واقف رہیں۔ اعانت کاران کو چاہیے کہ تارک وطن صارفین کی نگہداشت صحت کوریج کے اختیارات کا جائزہ لینے میں ان کی مدد کریں، جبکہ ایسی اعانت فراہم کریں جو ثقافتی اور لسانی لحاظ سے مناسب ہو۔

## Marketplace کی اہلیت

قانونی طور پر موجود جو تارکین وطن Marketplace کی اہلیت کے دیگر بنیادی تقاضے پورا کرتے ہیں وہ Marketplace کے ذریعے کوریج کے اہل ہو سکتے ہیں۔ ذیل کے جدول میں Marketplace کوریج میں اندراج کروانے کے لیے اہل قانونی طور پر موجود ترک وطن کی کچھ حالتیں درج ہیں۔ اہل اہلیتوں کی پوری فہرست کے لیے، [HealthCare.gov/immigrants/immigration-status](HealthCare.gov/immigrants/immigration-status) ملاحظہ کریں۔

| Marketplace کے اہل قانونی طور پر موجود ترک وطن کی حالتیں | |
|---|---|
| • قانونی مستقل مکین (LPR/گرین کارڈ ہولڈر)<br>• پناہ گزیں<br>• ریفیوجی<br>• کیوبن/ہیشین داخل ہونے والا فرد<br>• امریکہ میں پیرول یافتہ فرد<br>• مشروط داخل ہونے والا فرد جس کو 1980 سے پہلے اجازت ملی ہو<br>• مار پیٹ کے/کی شکار شریک حیات، بچے اور والدین<br>• غیر قانونی تجارت کا شکار فرد اور اس کے/کی شریک حیات، بچہ، بھائی بہن یا والدین<br>• غیر شہری جس کو امیگریشن قوانین کے تحت یا اذیت کے خلاف اجتماع (Convention Against Torture, CAT) کے تحت ملک بدری کی موقوفی یا اخراج کی موقوفی کی اجازت ملی ہو<br>• وفاقی طور پر تسلیم شدہ انڈین قبیلہ کا ممبر یا کینیڈا میں پیدا شدہ امریکن انڈین | • غیر تارک وطن کی حالت والے افراد، بشمول ورکر ویزا (جیسے، H1, H-2A, H-2B)، اسٹوڈنٹ ویزا، U ویزا، T ویزا، اور دیگر ویزے؛ اور مائیکرونیشیا کی وفاق یافتہ ریاستوں، مارشل جزائر، اور جمہوریہ پلاؤ کے وہ شہری جو قانونی طور پر امریکہ میں رہ رہے ہیں۔<br>• عارضی تحفظ یافتہ حیثیت (Temporary Protected Status, TPS)<br>• مؤخر شدہ نفاذ روانگی (Deferred Enforced Departure, DED)<br>• مؤخر شدہ کارروائی کی حالت (DACA* کے علاوہ)<br>• قانونی عارضی مکین |

***نوٹ:** جن افراد کے ترک وطن کی حالت غیر توثیق شدہ ہے اور جن افراد کو بچپن میں آمد کے مدنظر مؤخر شدہ کارروائی (Deferred Action for Childhood Arrivals, DACA) کی حالت دی گئی ہو وہ مارکیٹ ہیلتھ پلیس کے ذریعے کوریج میں اندراج کروانے کے اہل نہیں ہیں، چاہے پوری لاگت پر ہو، ویسے وہ Marketplace سے باہر کوریج خریدنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔

## Marketplace کی مالی اعانت کے لیے اہلیت

قانونی طورپر موجود تارکین وطن اپنے گھرانے کے سائز، آمدنی یا دیگر اہلیتی معیار کو کم کرنے میں مدد کے لیے پریمیم ٹیکس کریڈٹ کی پیشگی ادائیگی (dvance payments of the premium tax credit, APTC) اور لاگت کی حصہ داری میں کمی (cost-sharing reductions, CSRs) کے اہل ہو سکتے ہیں۔

مالی اعانت کا اہل ہونے کے لیے بیشتر صارفین کے پاس وفاقی سطح افلاس (federal poverty level, FPL) کے 100 فیصد اور 400 فیصد کے بیچ سالانہ گھریلو آمدنی ہونا ضروری ہے۔ تاہم، قانونی طور پر موجود جو تارکین وطن ترک وطن کی حالت کی وجہ سے Medicaid کے لیے اہل نہیں ہیں وہ مالی اعانت کے اہل ہو سکتے ہیں اگرچہ ان کی آمدنی FPL کے 100 فیصد سے کم ہو۔

*نوٹ:* 2021 کا امریکی ریسکیو پلان ایکٹ (ARP; P.L. 117-2) FPL کے 400 فیصد سے اوپر گھریلو آمدنی والے صارفین کو پریمیم ٹیکس کریڈٹ (premium tax credit, PTC) دستیاب کراتا ہے اور فیملی کی گھریلو آمدنی کا جتنا حصہ وہ فیملی پلان سال 2021 اور 2022 کے لیے 8.5 فیصد کی شرح سے PTC دستیاب ہونے سے پہلے بینچ مارک پلان کے لیے پریمیم کے ضمن میں ادا کرے گی اس کی تلافی کرتا ہے۔

### ملے جلے ترک وطن کی حالت والے گھرانے

کچھ صارفین ملے جلے ترک وطن کی حالت والے گھرانے میں رہتے ہیں، جو مختلف شہریت یا ترک وطن کی حالتیں رکھنے والے لوگوں پر مشتمل گھرانہ ہوتا ہے۔ اس صورتحال میں، گھرانے کا ہر ممبر اپنی شہریت یا ترک وطن کی حالت کی بنیاد پر صحت کوریج کے مختلف اختیارات کے لیے اہل ہو سکتا ہے۔

# Marketplace کوریج کے لیے درخواست دینا

### ترک وطن کی حالت کی تصدیق اور توثیق کرنا

Marketplace شہریت اور ترک وطن کی معلومات صرف ان درخواست دہندگان اور/یا ان کے گھرانے کے ممبروں کے لیے اکٹھا کرتا ہے جو صحت کوریج کے اختیارات کے لیے صارف کی اہلیت کا تعین کرنے کے واسطے کوریج کے لیے درخواست دے رہے ہوں۔ اہل ترک وطن کی حالت رکھنے کی تصدیق کرنے والے صارفین کو چاہیے کہ ترک وطن کی دستاویز کی قسم اور جتنی تعداد میں دستاویز ان کے پاس دستیاب ہے وہ فراہم کریں۔ ذیل کے جدول میں ترک وطن کی حالت کی تصدیق کرنے والی قابل قبول دستاویزات مندرج ہیں۔ پوری فہرست کے لیے، HealthCare.gov/immigrants/documentation ملاحظہ کریں۔

| ترک وطن کی حالت کی تصدیق کرنے کے لیے قابل قبول دستاویزات | |
|---|---|
| • مستقل رہائشی کارڈ (گرین کارڈ/I-551)<br>• دوبارہ داخلہ کا پرمٹ (I-327)<br>• ریفیوجی کی سفری دستاویز (I-571)<br>• ملازمت کی اجازت دہندگی کی دستاویز (I-766)<br>• مشین سے پڑھنے لائق تارک وطن ویزا (نیز عارضی I-551 زبان)<br>• عارضی I-551 اسٹامپ (پاسپورٹ یا I-94/I-94A پر)<br>• آمد/روانگی کا ریکارڈ (I-94/I-94A)<br>• غیر ملکی پاسپورٹ میں آمد/روانگی کا ریکارڈ (I-94)<br>• غیر ملکی پاسپورٹ<br>• غیر تارک وطن طالب علم کی حالت کے لیے اہلیت کا سرٹیفکیٹ (I-20)<br>• کارروائی کا نوٹس (I-797) | • ایکسچنج وزیٹر کی حالت کے لیے اہلیت کا سرٹیفکیٹ (DS-2019)<br>• وفاقی طور پر تسلیم شدہ انڈین قبیلہ کی رکنیت یا کینیڈا میں پیدا شدہ امریکن انڈین کو بتانے والی دستاویز<br>• محکمہ صحت و انسانی خدمات (Department of Health and Human Services, HHS) کے دفتر برائے ریفیوجی ری سیٹلمنٹ (Office of Refugee Resettlement, ORR) سے تصدیق<br>• اخراج کی موقوفی بتانے والی دستاویز<br>• ORR کی اہلیت کا خط (اگر 18 سال سے کم ہو)<br>• امریکی ساموآ کا رہائشی کارڈ<br>• پردیسی نمبر (پردیسی کا رجسٹریشن نمبر یا USCIS نمبر بھی کہا جاتا ہے) یا I-94 نمبر |

Marketplace سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن (Social Security Administration, SSA) اور/یا محکمہ برائے ہوم لینڈ سیکیورٹی (Department of Homeland Security, DHS) کے استحقاقات کے لیے پردیسی کی منظم تصدیق (Systematic Alien Verification for Entitlements, SAVE) کی معرفت صارف کی فراہم کردہ معلومات اور دستاویزی شہادت کی بنیاد پر شہریت اور ترک وطن کی حالت کی توثیق کرتا ہے۔ یہ معلومات صرف صارفین کی اہلیت کا تعین کرنے کے لیے استعمال کی جائے گی اور امیگریشن انفورسمنٹ کے مقاصد کے لیے استعمال نہیں کی جائے گی۔ مزید معلومات کے لیے، امیگریشن کسٹمز اینڈ انفورسمنٹ (Immigration Customs and Enforcement, ICE) میمورنڈم سے Ice.gov/doclib/ero-outreach/pdf/ice-aca-memo.pdf پر رجوع کریں۔

جو صارفین امریکی شہری ہونے یا اہل ترک وطن کی حالت رکھنے کی تصدیق نہیں کرتے ہیں وہ Marketplace کی معرفت صحت کوریج نہیں پا سکتے ہیں لیکن اب بھی Medicaid کے تحت لیکن پھر بھی وہ یہ جاننے کے لیے Marketplace کی درخواست مکمل کر سکتے ہیں کہ کیا وہ کسی ہنگامی طبی کیفیت کا علاج حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں یا نہیں، جس میں درد زہ اور وضع حمل، شامل ہے، اگر وہ اپنی ریاست میں Medicaid کی دیگر شرائط پوری کرتے ہوں۔

## فیملی ممبروں کی جانب سے کوریج کے لیے درخواست دینا

صارفین چاہے بذات خود کوریج کے اہل نہ ہوں اور خود اپنی اہلیت کی حالت سے قطع نظر، اپنے فیملی ممبروں کی جانب سے Marketplace، Medicaid، یا CHIP کی معرفت کوریج کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ مثلاً، جن امریکی شہریوں کے والدین کے ترک وطن کی حالت کی توثیق نہیں ہوئی ہے وہ اپنے بچوں کی جانب سے درخواست دائر کرنے والے کے بطور کوریج کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ اس صورت میں، درخواست دائر کرنے والا یہ توثیق کر رہا ہے کہ جو فیملی ممبر کوریج کے لیے درخواست دے رہا ہے وہ امریکی شہری ہے یا وہ اہل ترک وطن کی حالت رکھتا ہے۔ وفاقی اور ریاستی Marketplace اور ریاستی Medicaid اور CHIP ایجنسیاں فیملی یا گھرانے کے کسی ایسے ممبر کی شہریت یا ترک وطن کی حالت کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کا تقاضا نہیں کر سکتی ہیں جو کوریج کے لیے درخواست نہیں دے رہا ہو۔ ریاستیں کسی درخواست دہندہ کو مراعات سے اس وجہ سے منع نہیں کر سکتی ہیں کہ فیملی یا گھرانے کے ایک ممبر نے جو کہ درخواست نہیں دے رہا ہے اپنی شہریت یا ترک وطن کی حالت کا افشاء نہیں کیا ہے۔ اگر درخواست دائر کرنے والے کو شناخت کی توثیق کے عمل میں مدد درکار ہے تو، وہ Marketplace کال سنٹر کو 1-800-318-2596 (TTY: 1-855-889-4325) پر کال کر سکتے ہیں۔

### ڈیٹا کی مماثلت کے مسائل

ڈیٹا کی مماثلت کے مسائل (Data matching issues, DMIs)، یا "غیر آہنگیاں" تب ہوتی ہیں جب Marketplace کی اپنی درخواست میں صارف جو معلومات درج کرتا ہے وہ بھروسہ مند ڈیٹا کے مآخذ، جیسے SSA کے ریکارڈوں یا انٹرنل ریونیو سروس (Internal Revenue Service, IRS) کے ڈیٹابیس سے Marketplace کے حاصل کردہ ڈیٹا سے مماثل نہیں ہوتا ہے۔ DMIs کی عام ترین اقسام کا تعلق آمدنی، شہریت، اور ترک وطن کی معلومات سے ہوتا ہے۔ اگر صارف کے پاس DMI ہے تو، صارف کا نوٹس بتائے گا کہ "آپ کی اہلیت عارضی ہے" اور معلومات کی تصدیق کرنے کے لیے دستاویزات جمع کرانے کے لیے صارف کو ایک مقررہ وقت فراہم کرے گا۔ صارفین تمام غیر حل شدہ غیر آہنگیوں کی فہرست کے لیے اپنے Marketplace اکاؤنٹ کا "درخواست کی تفصیلات" والا سیکشن ملاحظہ کر کے یہ بھی تعین کر سکتے ہیں کہ آیا ان کے پاس کوئی غیر حل شدہ DMI ہے۔ شہریت/ترک وطن کی DMIs والے صارفین کے پاس مسئلہ حل کرنے کے لیے اہلیت کے نوٹس کی تاریخ سے 95 دنوں کا وقت ہوتا ہے۔ اگر صارفین اپنی شہریت یا ترک وطن کی DMIs کو حل نہیں کرتے ہیں تو، وہ Marketplace کی معرفت کوریج کے لیے اہلیت سے محروم ہو سکتے ہیں۔ DMIs پر مزید معلومات کے لیے، HealthCare.gov/help/how-do-i-resolve-an-inconsistency ملاحظہ کریں اور SOP 4 – شناخت کی تصدیق کریں اور ڈیٹا کی مماثلت کے امکانی مسائل حل کریں سے رجوع کریں۔

## Medicaid اور CHIP کی اہلیت

جو تارکین وطن (Medicaid) 8 USC § 1641, 42 CFR § 435.4، اور (CHIP) 42 CFR § 457.320 کے تحت "اہل قرار یافتہ غیر شہری" ہیں وہ Medicaid اور CHIP کی معرفت کوریج کے لیے اہل ہو سکتے ہیں اگر وہ اس ریاست میں دیگر تمام اہلیتی شرط (بشمول آمدنی اور ریاستی سکونت کے تقاضے) پوری کرتے ہوں۔ بہت سارے اہل قرار یافتہ غیر شہریوں کے پاس Medicaid اور CHIP کی کوریج پانے کے لیے پانچ سالہ انتظار کی مدت ہوتی ہے (جیسے "پانچ سالہ پابندی" بھی کہا جاتا ہے)۔ یہ پانچ سالہ انتظار کی مدت تب شروع ہوتی ہے جب صارفین کو اہل قرار دینے والی ان کی ترک وطن کی حالت موصول ہوتی ہے، نہ کہ جب وہ پہلی بار امریکہ میں داخل ہوتے ہیں۔ غیر شہریوں کے کچھ گروپوں کو پانچ سال انتظار نہیں کرنا ہوتا ہے، جیسے ریفیوجی، پناہ گزیں، اور LPRs جو 8 USC § 1613 کے مطابق ریفیوجی یا پناہ گزیں ہوا کرتے تھے۔ ذیل کے جدول میں اہل قرار یافتہ غیر شہریوں کی Medicaid کے لیے اہل فہرست درج ہے جیسا کہ 8 USC §§ 1612(b) اور 1613 اور CHIP کے تحت اور 8 USC § 1613 کے تحت بیان کیا گیا ہے۔ اہل حالتوں کی پوری فہرست کے لیے، HealthCare.gov/immigrants/lawfully-present-immigrants ملاحظہ کریں۔

| Medicaid اور CHIP کے لیے اہل اہل قرار یافتہ غیر شہری کے ترک وطن کی حالتیں | |
|---|---|
| • LPR/گرین کارڈ ہولڈر<br>• پناہ گزیں<br>• ریفیوجی<br>• کیوبن/ہیشین داخل ہونے والے افراد<br>• کم از کم ایک سال تک امریکہ میں پیرول یافتہ<br>• مشروط داخل ہونے والا فرد جس کو 1980 سے پہلے اجازت ملی ہو<br>• مارپیٹ کے/کی شکار غیر شہری، شریک حیات، بچے، یا والدین | • غیر قانونی تجارت کے شکار افراد اور ان کے/کی شریک حیات، بچے، بھائی بہن، یا والدین یا غیر قانونی تجارت کے شکار ویزا کے لیے زیر التوا درخواست والے افراد<br>• ملک بدری کی موقوفی کی اجازت یافتہ<br>• وفاقی طور پر تسلیم شدہ انڈین قبیلہ کا ممبر یا کینیڈا میں پیدا شدہ امریکن انڈین<br>• مائیکرونیشیا کی وفاق یافتہ ریاستوں، مارشل جزائر، اور جمہوریہ پلاؤ کے شہری (COFA کے تارکین وطن کے بطور بھی معروف ہیں)—صرف Medicaid* |

***نوٹ:** 27 دسمبر 2020 سے، آزاد وابستگی کا میثاق(Compact of Free Association, COFA) کے تحت تارکین اگر اپنی ریاست میں اہلیت کی تمام شرط پوری کرتے ہوں تو وہ Medicaid کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ COFA کے تارکین وطن عام طور پر مارشل جزائر، مائیکرونیشیا کی وفاق یافتہ ریاستوں، اور جمہوریہ پلاؤ کے وہ شہری ہوتے ہیں جو امریکی ریاستوں

یا خطوں میں سے ایک میں قانونی طور پر رہ رہے ہوں۔ COFA کے تارکین وطن کو Medicaid کی اہلیت کے مقاصد سے اہل قرار یافتہ غیر شہری مانا جاتا ہے اور اگر بصورت دیگر اہل ہوں تو، Medicaid کی کوریج کے لیے اہل قرار پانے سے پہلے اپنی حالت موصول کرنے کے بعد انہیں پانچ سال انتظار نہیں کرنا ہوتا ہے۔ یہ پالیسی علیحدہ CHIP پروگراموں کی معرفت کوریج پر لاگو نہیں ہوتی ہے۔ تاہم، جن ریاستوں نے 2009 کے چلڈرنز ہیلتھ انشورنس ری آتھرائزیشن ایکٹ کے سیکشن 214 (CHIPRA; P.L. 111-3) کے تحت CHIP میں بچوں اور/یا حاملہ افراد کے قانونی طور پر قیام کا احاطہ کرنے کا انتخاب کیا ہے، جس کو CHIPRA 214 اختیار کے بطور ذکر کیا گیا ہے، وہ اس اختیار کے تحت COFA کے تارکین وطن کا احاطہ کر سکتی ہیں۔

| Medicaid/CHIP کے لیے اہل ہونے کی حالتیں<br>(اگر پانچ سالہ پابندی پوری ہوتی ہے)[ii] | Medicaid/CHIP کے لیے اہل ہونے کی حالتیں<br>(پانچ سالہ پابندی لاگو نہیں ہوتی ہے)[iii] |
|---|---|
| • قانونی مستقل مکین (LPR/گرین کارڈ ہولڈر)<br>• امریکہ میں ایک سال یا زائد مدت کے لیے پیرول یافتہ<br>• مار پیٹ کے/کی شکار شریک حیات، بچہ، یا والدین<br>• غیر قانونی تجارت کے متاثرین کے لیے درخواست دہندگان<br>• مشروط داخل ہونے والا فرد جس کو 1980 سے پہلے اجازت ملی ہو | • ریفیوجی<br>• پناہ گزیں<br>• کیوبن/ہیشین داخل ہونے والے افراد<br>• ملک بدری کی موقوفی کی اجازت یافتہ<br>• غیر قانونی تجارت سے جانبر ہونے والے افراد اور ان کے/کی شریک حیات، بھائی بہن، یا والدین<br>• وفاقی طور پر تسلیم شدہ انڈین قبیلہ کا ممبر یا کینیڈا میں پیدا شدہ امریکن انڈین<br>• امریشین تارکین وطن<br>• عراقی اور افغانی خصوصی تارکین وطن اور پیرول یافتگان (1 مارچ 2023 کے اواخر یا پیرول کی میعاد ختم ہونے تک اہل)[iv]<br>• COFA کے تارکین وطن (صرف علیحدہ CHIP کے لیے CHIPRA 214 کے اختیار کی معرفت)<br>• قانونی مستقل مکین (LPR/گرین کارڈ) جنہوں نے پانچ سال کی پابندی سے استثناء کی حالت سے ایڈجسٹ کیا<br>• سابق فوجی اور ایکٹو ڈیوٹی ملٹری اور ان کے/کی شریک حیات یا غیر شادی شدہ منحصرین جو "اہل قرار یافتہ غیر شہری" حالت بھی رکھتے ہیں |

اگر غیر شہری Medicaid کے لیے اہل نہیں ہیں، یا تو اس وجہ سے کہ وہ قانونی طور پر موجود ہیں لیکن "اہل قرار یافتہ غیر شہری" ترک وطن کی حالت نہیں رکھتے ہیں، یا "اہل قرار یافتہ غیر شہری" ہیں لیکن پانچ سالہ انتظار کی مدت پوری نہیں کرتے ہیں، تو یہ غیر شہری صارفین Marketplace کے ذریعے مالی اعانتے کے اہل ہو سکتے ہیں اگر وہ بصورت دیگر Marketplace کی اہلیت کے دیگر تقاضے پورا کرتے ہوں۔ 2021 میں بے روزگاری معاوضہ موصول کرنے والے صارفین جن کے پاس FPL کے 100 فیصد کے اندر آمدنی ہے اور جو بصورت دیگر Medicaid کے اہل نہیں ہیں وہ 2021 میں APTC اور CSRs کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

صارفین Medicaid اور CHIP کی اہلیت پر مزید معلومات کے لیے اپنے ریاستی Medicaid سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ ہر ریاست کے لیے رابطوں کی ایک فہرست Medicaid.gov/about-us/beneficiary-resources/index.html#statemenu پر دستیاب ہے۔

## قانونی طور پر مقیم بچوں اور حاملہ افراد کے لیے Medicaid اور CHIP کوریج

CHIPRA 214 کے اختیار کے تحت، ریاستوں کے پاس قانونی طور پر رہنے والے حاملہ افراد کا Medicaid اور CHIP میں اور/یا 19 سال تک کی عمر کے بچوں کو CHIP کے لیے یا 21 سال تک کی عمر تک Medicaid کے لیے احاطہ کرنے

کا اختیار ہے جو بصورت دیگر ان پروگراموں کے ذریعے کوریج کے لیے اہل ہوں گے، باوجودیکہ وہ اہل ترک وطن کی حالت نہ رکھتے ہوں یا جو پانچ سالہ وقت انتظار کے مستوجب ہوں گے۔ بچہ یا حاملہ فرد "قانونی طور پر مکین" ہوتا ہے اگر وہ "قانونی طور پر موجود" ہوں اور بصورت دیگر ریاست میں Medicaid یا CHIP کے لیے اہل ہوں۔ درج ذیل جدول میں کچھ قانونی طور پر موجود تارک وطن کی حالتیں درج ہیں۔ پوری فہرست کے لیے، HealthCare.gov/immigrants/lawfully-present-immigrants ملاحظہ کریں۔

| قانونی طور پر موجود تارک وطن کی حالتیں | |
|---|---|
| • اہل قرار یافتہ غیر شہری تارک وطن کی حالت نیز انتظار کی مدت [LPR/گرین کارڈ ہولڈر، ایک سال یا زائد کے لیے امریکہ میں پیرول یافتہ، مار پیٹ کی شکار شریک حیات یا والدین جن کی HHS کے پاس زیر التوا یا منظور شدہ عرضی ہو، غیر قانونی تجارت کے متاثرین کے مدنظر درخواست دہندگان، مشروط داخل ہونے والا فرد (والدین سے پہلے اجازت ملی ہو 1980)]<br>• انسانیت پسندانہ حالت یا حالات (بشمول عارضی تحفظ یافتہ حالت، خصوصی طفلانہ حالت، پناہ کے درخواست دہندگان، اذیت کے خلاف اجتماع، غیر قانونی تجارت کے متاثرین) | • درست غیر تارک وطن ویزے<br>• دوسرے قوانین سے ثابت شدہ قانونی حالت (عارضی مکین کی حالت، LIFE ایکٹ، فیملی یونٹی والے افراد) |

پینتیس ریاستیں، ڈسٹرکٹ آف کولمبیا، امریکی ساموآ، امریکی ورجن جزائر، اور دولت مشترکہ شمالی ماریانا جزائر (CNMI) نے قانونی طور پر مقیم بچوں اور/یا حاملہ افراد کو Medicaid کوریج فراہم کرنے کا انتخاب کیا ہے، جس میں وہ افراد شامل ہیں جو بصورت دیگر CHIPRA 214 کے اختیار کے تحت پانچ سالہ انتظار کی مدت کے مستوجب ہوں گے۔ ان میں سے اٹھائیس ریاستیں قانونی طور پر مقیم بچوں اور/یا حاملہ افراد کا علیحدہ CHIP میں بھی احاطہ کرتی ہیں۔ یہ اختیار فراہم کرنے والی ریاستوں کی فہرست Medicaid.gov/medicaid/enrollment-strategies/medicaid-and-chip-coverage-lawfully-residing-children-pregnant-women پر دستیاب ہے۔

ARP کے تحت، اپریل 2022 سے، ریاستوں کے پاس، پانچ سالوں تک، حمل سے متعلق Medicaid اور CHIP کی اہلیت کو 12 ماہ تک بڑھانے کا اختیار ہوگا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جو اہل حاملہ افراد حمل سے متعلق Medicaid یا CHIP میں اندراج یافتہ ہیں وہ وضع حمل کے بعد 12 ماہ تک یہ کوریج جاری رکھنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔[v]

### Medicaid کی ہنگامی کوریج

Medicaid ہنگامی طبی کیفیت کے علاج کے لیے ادائیگی فراہم کرتی ہے اگر صارفین ترک وطن کی حالت سے قطع نظر، اس ریاست میں Medicaid کی اہلیت کی تمام شرط (جیسے آمدنی اور ریاست میں رہائش) پوری کرتے ہوں[vi]

## Medicare کی اہلیت

امریکی شہری اور اہل قرار یافتہ قانونی طور پر موجود 65 سال یا زائد عمر کے تارکین وطن جو کم از کم 40 چوتھائی کوریج (بیشتر افراد کے لیے 10 سال) رکھتے ہوں، جو صارف کے کام کرنے کے سالوں کے دوران پیرول ٹیکسوں کی ادائیگی کے ذریعہ حاصل ہوئے ہوں، وہ بلا پریمیم پارٹ A Medicare پا سکتے ہیں۔ کچھ صارفین بالترتیب 1395 § USC 42 اور 8 USC § 1611(b)(3) کے تحت پریمیم پارٹ A Medicare کے لیے اہل قرار پانے کے لیے شریک حیات کے کام کی سرگزشت کا بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

جو صارفین یہ تقاضے پورا کرتے ہیں لیکن ان کے پاس بلا پریمیم پارٹ A کا مستحق ہونے کے لیے کوریج کی کافی چوتھائی نہیں ہے وہ Medicare پارٹ B کوریج میں اندراج کروانے کا انتخاب کر سکتے ہیں (اس میں بھی مستقل رہائش کے لیے غیر قانونی طور پر داخل ہونے والے پردیسیوں کے لیے پانچ سال کی رہائش کا تقاضا ہے)، اور پھر Medicare پارٹ A کوریج

خریدتے ہیں، جیسا کہ 42 CFR § 406.20 اور سوشل سیکیورٹی ایکٹ XVIII کے سیکشن 1836 اور 1818 کے تحت بیان کیا گیا ہے۔ چونکہ اس قسم کی Medicare کوریج والے صارفین پارٹ A کے لیے ماہانہ کوریج ادا کرتے ہیں لہذا اسے Medicare پریمیم پارٹ A (42 CFR § 406.20 سے 42 CFR § 406.38 تک) کہا جاتا ہے۔ اگر صارفین پریمیم پارٹ A اور B پہلی بار دستیاب ہونے کے وقت اسے نہیں خریدتے ہیں اور وہ بعد میں سائن اپ کرنے کا انتخاب کرتے ہیں تو انہیں 42 CFR § 408.20 سے 408.27 تک کے تحت تاخیر سے اندراج کے جرمانے ادا کرنے پڑ سکتے ہیں۔

صارفین Medicare سیونگز پروگرامز (Medicare Savings Programs, MSPs) کے ذریعے اپنے Medicare پریمیم ادا کرنے میں اپنی ریاست سے مدد کے مستحق ہو سکتے ہیں۔ صارفین پر Medicare پارٹ A کے لیے اہل ہونا اور اہل قرار پانے کے لیے مخصوص آمدنی اور وسیلے کی حد پورا کرنا ضروری ہے۔ کچھ صورتوں میں، MSPs اگر صارفین مخصوص شرائط پوری کرتے ہوں تو Medicare پارٹ A اور Medicare پارٹ B کی کٹوتیاں، مشترکہ بیمہ، اور مشترک ادائیگیاں بھی پیش کر سکتی ہے۔ بلا پریمیم پارٹ A اور Medicare پارٹ B کوریج میں اندراج یافتہ صارفین 42 CFR § 423 کے تحت زائد مدد (Medicare پارٹ D) کے بھی مستحق ہوتے ہیں۔ زائد مدد (پارٹ D) محدود آمدنی اور وسائل والے صارفین کو Medicare کے نسخہ والی دوا پروگرام کی لاگتوں، جیسے پریمیمز، کٹوتیوں اور مشترک بیمہ کی ادائیگی کرنے میں مدد کرنے کا پروگرام ہے۔ اگر صارفین پہلی بار اہل ہونے کے وقت پریمیم پارٹ D نہیں خریدتے ہیں اور اگر وہ 42 CFR § 423.46 کے تحت بعد میں سائن اپ کرنے کا انتخاب کرتے ہیں تو، انہیں تاخیر سے اندراج کا جرمانہ ادا کرنا پڑ سکتا ہے۔ Medicare پارٹس اور فائدوں کے بارے میں اضافی معلومات Medicare.gov/basics/get-started-with-medicare پر دستیاب ہیں۔

## کوریج کے دیگر اختیارات

جو صارفین قانونی طور پر موجود نہیں ہیں وہ درج ذیل کے لیے اہل ہیں:

- ہنگامی طبی اعانت (ہنگامی Medicaid) درد زہ اور وضع حمل کی خدمات سمیت ہنگامی طبی کیفیات کے علاج کے لیے۔
- پیرنٹل کوریج، درد زہ اور وضع حمل، اور بعد از ولادت نگہداشت (ریاست کے لحاظ سے) حاملہ افراد کے لیے CHIP کے نامولود بچے کے اختیار کے ذریعے ان ریاستوں میں جنہوں نے یہ اختیار منتخب کیا ہے۔
- Marketplace سے باہر پوری قیمت پر پیش کردہ نجی کوریج۔
- مفت یا کم لاگت پر نگہداشت صحت کے اختیارات، بشمول کمیونٹی ہیلتھ سنٹرز (community health centers, CHCs) اور مائیگرنٹ ہیلپ سنٹرز (migrant health centers, MHCs)۔ CHCs اور MHCs دونوں ہی ادائیگی کرنے کی اہلیت یا ترک وطن کی حالت سے قطع نظر جامع ابتدائی نگہداشت پیش کرتے ہیں۔ تاہم، MHCs صرف تارک وطن اور موسمی زرعی کارکنان اور ان کی فیمیلز کی خدمت انجام دیتے ہیں۔

کوریج کے اختیارات پر مزید معلومات کے لیے، غیر بیمہ شدہ فرد کے لیے صحت کوریج کے اختیارات سے Marketplace.cms.gov/technical-assistance-resources/health-coverage-options-for-uninsured.pdf پر رجوع کریں۔

## صارفین کی امیگریشن کی حیثیت پر گفتگو کرنے کے لیے تقاضے اور بہترین طرزِ عمل

صارف کے ترک وطن کی حالت حساس موضوع ہو سکتی ہے۔ صارفین کے ساتھ گفتگو کے دوران اس چیز کا دھیان رکھیں۔

صارفین کے ترک وطن کی حالت پر گفتگو کرتے وقت اعانت کاران کے لیے ذیل میں کچھ قانونی تقاضے اور تجویز کردہ بہترین طرز عمل ہیں۔

- نیویگیٹرز سے 45 CFR § 155.205(c) کے تحت انگریزی کی محدود صلاحیت Limited English Proficiency, LEP) والے صارفین کو بلا معاوضہ قابل افراد کے ذریعے مفت زبانی ترجمان اور تحریری ترجمہ میں اعانت فراہم کرنا **قانونی طور پر مطلوب** ہوتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے، انگریزی کی محدود صلاحیت والے صارفین کی خدمت انجام دینا سے رجوع کریں۔

- اعانت کاران کو یقینی بنانا چاہیے کہ صارفین کو یہ علم ہے کہ شہریت اور ترک وطن کی حالت کی دستاویزی شہادت گھرانے کے دوسرے ممبران کے لیے نہیں، بلکہ صرف کوریج کی درخواست دینے والوں کے لیے ضروری ہے۔

- اعانت کاران کو چاہیے کہ اہل ترک وطن کی حالتوں اور ترک وطن کی قابل قبول دستاویزات کے بارے میں معلومات فراہم کریں تاکہ صارفین کو یہ فیصلہ کرنے میں مدد ملے کہ ان کی فیملی میں کون فرد صحت کوریج کے لیے درخواست دینے کے واسطے اہل ترک وطن کی حالت رکھتا ہے۔

- اعانت کاران کو چاہیے کہ غیر ضروری سوالات سے، خاص طور پر ان صارفین وطن کے ترک وطن کی حالت کے بارے میں سوالات پوچھنے سے پرہیز کریں جو صحت کوریج کے لیے درخواست نہیں دے رہے ہیں اور جو ملے جلے ترک وطن کی حالت والے گھرانے میں رہتے ہیں۔ غیر درخوست دہندہ فیملی یا گھرانے کے ممبر کے ترک وطن کی حالت کے سلسلے میں غیر ضروری سوالات پوچھنے سے دیوانی حقوق ایکٹ کے ٹائٹل VI یا سستی نگہداشت ایکٹ کے سیکشن 1557 کی خلاف ورزی ہوتی ہے۔

- اعانت کاران کو "بلا دستاویز"، "غیر مجاز"، یا "غیر قانونی" جیسے الفاظ سے احتراز کرنا چاہیے۔ اس کی جگہ، حقائق نامے یا دیگر ایسا مواد فراہم کریں جو قانونی طور پر موجود ترک وطن کی حالت کو بتاتا ہو۔ یقینی بنائیں کہ مواد صارفین کو سمجھ میں آ سکنے والی زبان میں ہو۔

- اعانت کاران کو چاہیے کہ صارفین کو غیر منفعتی ترک وطن سے متعلق اٹارنیز کا حوالہ دینے کو تیار رہیں تاکہ جو صارفین پریقین نہیں ہیں کہ آیا وہ اہل ترک وطن کی حالت رکھتے ہیں یا نہیں ان کی مدد کی جائے یا اگر ترک وطن کی دستاویزات آمادگی کی حد تک ان کے پاس دستیاب نہ ہوں تو انہیں حاصل کرنے میں ان کی مدد کی جائے۔

## اندراج کے عمل کے دوران تارکین وطن کی مدد کرنے کے لیے تجاویز

درج ذیل قانونی تقاضے اور تجویز کردہ بہترین طرز عمل ان تارک وطن صارفین کے ساتھ بات کرنے میں اعانت کاران کی مدد کر سکتے ہیں جو خود کے لیے یا کسی اور کی جانب سے صحت کوریج تلاش کر رہے ہیں۔

- اعانت کاران کو چاہیے کہ جو صافین تارک وطن ہیں انہیں اخفاء اور رازداری کے بارے میں، خاص طور پر ان کی شہریت اور ترک وطن کی حالت کے بارے میں یقین دہانی والے پیغامات دینے سے شروعات کریں۔ حالتیں اور سوشل سیکیوریٹ نمبرز (Social Security Numbers, SSNs)۔ صارفین کو بتائیں کہ وہ جو معلومات فراہم کرتے ہیں انہیں امیگریشن کے قوانین یا پالیسیاں نافذ کرنے کے لیے سرکاری ایجنسیوں کے ذریعے استعمال نہیں کیا جائے گا۔

- اعانت کاران کو چاہیے کہ صحت کوریج کے لیے درخواست دینے والے صارف یا صارفین کو صحیح سے شناخت کر کے ان سے پوچھیں کہ آیا وہ خود کے لیے یا کسی اور کی جانب سے صحت کوریج تلاش کر رہے ہیں۔

- جہاں ممکن ہو، وہاں اعانت کاران کو چاہیے کہ صارفین کو عام فہم زبان میں معلومات فرا ہم کریں۔ تاہم، ترک وطن کی بہت ساری پالیسیاں پیچیدہ ہیں اور عام فہم زبان میں صحیح سے ان کی وضاحت کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔ ان معاملوں میں، اعانت کاران کو چاہیے کہ محدود درست معلومات فراہم کریں اور مزید مشورے کے لیے صارفین کو باہری ایکسپرٹس کا حوالہ دیں۔

- اعانت کاران LEP کے صارفین کے ساتھ جو معلومات شیئر کرتے ہیں وہ ہمیشہ بروقت اور قابل رسائی ہونی چاہیے۔ اس کام کے لیے اعانت کاران سے LEP کے صارفین کو مفت تحریری ترجمے اور زبانی ترجمانی کی خدمات فراہم کرنے کا تقاضا کیا جا سکتا ہے۔

- اگر صارفین انگریزی کے علاوہ زبان بولتے ہوں اور وہ دوسری زبان میں ذاتی اعانت حاصل کرنا چاہتے ہوں تو اعانت کاران کو Marketplace کو 1-800-318-2596 پر کال کرنی چاہیے۔ صارفین کے سامنے یہ وضاحت کریں کہ Marketplace دوسری زبانوں میں بلا معاوضہ اعانت فراہم کرتی ہے۔ انگریزی کے علاوہ زبانوں میں مدد پیش کرنے والے ذاتی اعانت کار تنظیمیں تلاش کرنے کے لیے صارفین کو HealthCare.gov پر Find Local Help (مقامی مدد کی تلاش کریں) کی طرف بھیجیں۔

- جب صارفین اپائنٹمنٹ طے کرنے کے لیے کال کریں تو اعانت کاران کو یہ شناخت کرنے میں صارفین کی مدد کرنی چاہیے کہ انہیں کون سی دستاویزات اپنے ساتھ لانی چاہئیں۔ آؤٹ ریچ ایونٹس کے دوران اندراج کرانے کے لیے درکار دستاویزی شہادت کی وضاحت کرنے کے لیے اعانت کاران پرچے، بروشرز، اور دیگر ہینڈ آؤٹس بھی فراہم کر سکتے ہیں۔ قابل قبول دستاویزی شہادت کی فہرست کے لیے، HealthCare.gov/immigrants/documentation ملاحظہ کریں۔

## اہلیت اور اندراج کے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے تجاویز

درج ذیل بہترین طرز عمل اہلیت اور اندراج کے عمل میں چیلنجوں پر کام کرنے میں میں اعانت کاران کی مدد کر سکتے ہیں۔ کوریج کے لیے درخواست دینے میں تارک وطن صارفین کی مدد کرتے وقت، اعانت کاران کو چاہیے کہ:

- کچھ تارک وطن صارفین کے لیے عام آمدنی کے مختلف ذرائع، بشمول غیر متعین آمدنی والے موسمی کارکنان، غیر ملکی آمدنی، یا خود کی ملازمت والے کاروبار سے ہونے والی آمدنی سے واقف رہیں۔ آمدنی کی یہ مختلف اقسام بیمہ کی استطاعت کے ان پروگراموں کے لیے اہلیت کو متاثر کر سکتی ہیں جو صحت بیمہ کی لاگتیں کم کر دیتی ہیں۔

  نوٹ کر لیں کہ ARP پریمیم ٹیکس کریڈٹ کی اعانت ایسے ٹیکس فائلرز کے لیے مزید فراخدلی سے کرتا ہے جو 2021 میں شروع کر کے ایک ہفتے کے لیے بے روزگاری معاوضہ موصول کرتے ہیں یا موصول کرنے کے لیے منظور ہو گئے ہیں۔ صارفین پر 2021 میں شروع کر کے کسی بھی ہفتے کے لیے بے روزگاری معاوضہ موصول کر چکے ہونے یا موصول کرنے کے لیے منظور ہو چکے ہونے کی توثیق کرنا لازم ہے۔ APTC کی اہلیت کے دیگر تقاضے۔ شرط پوری کرنے والے صارفین CSRs کے لیے بھی اہل ہوں گے۔ یہ التزام صرف پلان سال 2021 پر لاگو ہوتا ہے۔

- صارفین کو آن لائن درخواست پر طلب کردہ ترک وطن کی ساری معلومات (جیسے، دستاویز کی قسم اور تعداد) شامل کرنے کی ترغیب دیں۔ اس سے یہ امکان بڑھے گا کہ صارفین کی ترک وطن اور شہریت کی حالت کی کامیابی سے تصدیق ہو جائے گی۔

- جان لیں کہ صارفین کو شاید معلوم نہ ہو کہ آن لائن اندراج کرانے کے لیے انہیں ایک ای میل رکھنا ہوتا ہے۔ اعانت کاران کو ای میل اکاؤنٹس سیٹ اپ کرنے کی خاطر صارفین کے ساتھ کام کرنے کے لیے زائد وقت مختص کرنا پڑ سکتا ہے۔ صارفین Marketplace کو 1-800-318-2596 پر کال کر کے فون پر بھی اندراج کرا سکتے ہیں۔

**ID پروفنگ**

- شناخت (ID) کو ثابت کرنے کے عمل میں صارفین کی اعانت کرنے کے لیے تیار رہیں، کیونکہ تارکین وطن کے پاس ID پروفنگ کے لیے مطلوب کریڈٹ کی سرگزشت ہونے کا کم امکان ہوتا ہے۔ ID پروفنگ کے عمل کے لیے تیاری کرنے میں صارفین کی مدد کے لیے، انہیں اپنی شناخت کی تصدیق کریں: Marketplace میں ID پروفنگ (Verifying Your Identity: ID Proofing in the Marketplace) کا حوالہ دیں۔ صارفین کو اطلاع دیں کہ CMS صارفین کی درخواست کی تصدیق Experian کی مدد سے کرتا ہے، لہذا ان کا کریڈٹ اسکور چیک کرتے ہوئے انہیں CMS کی جانب سے ایک انکوائری نظر آ سکتی ہے، لیکن اس انکوائری سے صارفین کے کریڈٹ اسکورز متاثر نہیں ہوتے ہیں۔

- اپنی ریاست میں نگہداشت صحت کے دیگر ایسے پروگرام دریافت کریں جو ان صارفین کو خدمات فراہم کر سکتے ہوں جو امریکہ میں قانونی طور پر موجود نہیں ہیں۔

**ڈیٹا کی مماثلت کے مسائل**

- DMIs میں صارفین کی مدد کرنے کو تیار رہیں۔ اعانت کاران کو چاہیے کہ صارفین کو اپنی اہلیت کا نوٹس، نیز انہیں موصولہ یاد دہانی کے کوئی نوٹس بغور پڑھنے کی ترغیب دیں، تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ وہ اندراج گروپ کے درست ممبر کے لیے درست معلومات جمع کراتے ہیں۔ صارفین اپنا Marketplace اکاؤنٹ چیک کر کے یہ بھی تعین کر سکتے ہیں کہ آیا ان کے پاس غیر حل شدہ DMIs ہیں یا نہیں، جہاں "درخواست کی تفصیلات" کے تحت تمام غیر حل شدہ غیر آہنگیوں کی ایک فہرست ہوگی۔ صارفین نے Marketplace کے پاس جو دستاویزات جمع کرائی ہیں ان کی حالت کے بارے میں اگر ان کے سوالات ہوں تو انہیں Marketplace کال سنٹر کو کال کرنی چاہیے۔

- نوٹ کریں کہ:

  - انفرادی مارکیٹ کی وفاقی سطح پر سہولت یافتہ Marketplace (Federally-facilitated Marketplace, FFM) کی درخواست – بذات خود دستاویزات نہیں – بلکہ ان دستاویزات سے معلومات کے صرف مخصوص حصوں کی طالب ہوتی ہے، الّا یہ کہ صارفین کی معلومات کی تصدیق نہ ہو سکے۔ یا تو الیکٹرانک یا معتبر کاغذی دستاویزات استعمال کی جا سکتی ہیں۔

  - اگر صارفین کی معلومات کی تصدیق نہیں ہو پاتی ہے (اور انہیں DMI کا سامنا ہوتا ہے) تو، صارفین کے پاس عام طور پر معاون دستاویزی شہادت فراہم کرنے کے لیے 90 یا 95 دنوں کا وقت ہوتا ہے۔ وہ دستاویزات کو یا تو اپنے آن لائن اکاؤنٹ پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں یا دستاویزات کی نقول بذریعہ ڈاک FFMs کو بھیج سکتے ہیں۔ اس وقت کے دوران، جو درخواست دہندگان بصورت دیگر اہل ہیں وہ درخواست دائر کرنے والے (والوں) کی فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر جس پروگرام کے لیے اہل قرار پاتے ظاہر ہوتے ہیں اس میں ان کا اندراج ہو جاتا ہے۔

## تارک وطن صارف کی اہلیت کا منظر نامہ

**نوٹ:** یہ ایک فرضی مثال ہے۔ اصل درخواست دہندہ کا نام اس منظر نامے میں استعمال نہیں کیا گیا ہے۔

ایو اور ایڈان سانتوس کولوراڈو میں رہتے ہیں۔ دونوں کی عمر 28 سال ہے، شادی شدہ ہیں، اور ان کی ایک سال کی بچی سیرینا ہے، جس کی پیدائش امریکہ میں ہوئی تھی، ایڈان اس سال شہری بن گیا۔ ایڈان نے ایوا کی جانب سے قانونی مستقل مکین کی عرضی جمع کرائی جو مارچ 2021 میں منظور ہو گئی تھی۔ ایوا کو دو سال پہلے ان کا گرین کارڈ ملا اور وہ پانچ ماہ کی حاملہ ہیں۔ ان کی سالانہ گھریلو آمدنی $24,000، یا تین فرد والے گھرانے کے لیے FPL کا 111 فیصد ہے۔ ایڈان اور ایوا نے مشترک طور پر ٹیکس فائل کیا اور سیرینا کا دعوی بطور زیر کفالت کیا۔ ایوا ہیلتھ کوریج میں پوری فیملی کا اندراج کرنے کے لیے ایک اعانت کار کے پاس پہنچیں لیکن وہ پریقین نہیں ہیں کہ آیا وہ سب اہل ہیں۔

سانتوس کے گھرانے کے لیے اہلیت کے فیصلے کیا ہوں گے؟ کیا ایڈان، ایوا اور سیرینا ایک ہی قسم کی کوریج میں اندراج کرانے کے اہل ہوں گے؟

- جواب: ایڈان، ایوا اور سیرینا اپنی مختلف شہریت اور ترک وطن کی حالتوں کی وجہ سے ایک ہی قسم کی کوریج میں اندراج کرانے کے اہل نہیں ہو سکتے۔ اندراج کے لیے ان کی اہلیت اس امر پر بھی منحصر ہو سکتی ہے کہ آیا وہ اسی ریاست میں رہتے ہیں جس نے Medicaid کوریج بڑھائی ہے۔ سانتوس کے گھرانے کے لیے اہلیت کے فیصلے یوں ہوں گے:

- ایڈان: امریکی شہری کی حیثت سے، ایڈان کے لیے Marketplace کے ذریعے QHP میں اندراج ہونے کا امکان ہے، اور وہ Medicaid کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ چونکہ ایڈان کی آبائی ریاست کولوراڈر نے Medicaid کو FPL کے 138 فیصد تک بڑھا دیا ہے، لہذا ایڈان کی آمدنی انہیں Medicaid کوریج کے لیے اہل قرار دیتی ہے۔ چونکہ ایڈان Medicaid کی توسیع والی ریاست میں رہتے ہیں، لہذا وہ Marketplace کے ذریعے APTC یا CSRs کے لیے نا اہل ہیں۔ اگر ایڈان Medicaid کی عدم توسیع والی ریاست میں رہتے اور Marketplace کے ذریعے کوریج میں مندرج رہتے تو، وہ امکانی طور پر Marketplace کے ذریعے APTC اور CSRs کے لیے اہل ہوتے۔

- ایوا: ایوا کو قانونی طور پر موجود اور Medicaid کی اہلیت کے مقاصد سے "اہل قرار یافتہ غیر شہری" مانا جاتا ہے، لیکن انہوں نے پانچ سال انتظار کی مدت پوری نہیں کی ہے۔ تاہم، چونکہ ایوا کولوراڈو میں رہتی ہیں، لہذا وہ Medicaid کے لیے اہل ہیں؛ کولوراڈو وہ ریاست ہے جس نے CHIPRA 214 کا اختیار منتخب کیا ہے اور اسی وجہ سے وہ قانونی طور پر مقیم حاملہ افراد کے لیے Medicaid/CHIP کوریج پیش کرتی ہے، جس میں اہل قرار یافتہ ترک وطن کی حیثیت رکھنے کے اپنے پہلے پانچ سال کے اندر والے افراد بھی شامل ہیں۔

- سیرینا: چونکہ سیرینا کی پیدائش امریکہ میں ہوئی تھی لہذا وہ شہری ہے اور Medicaid کوریج کے لیے اہل ہے، اگر وہ بصورت دیگر اس ریاست میں اہلیت کی شرط پور کرتی ہے۔

## اضافی وسائل

- HealthCare.gov: تارکین وطن کے لیے ہیلتھ کوریج HealthCare.gov/what-do-immigrant-families-need-to-know
- CMS اسٹیٹ ہیلتھ آفیشیل (State Health Official, SHO) کا خط بہ سلسلہ: COFA کے تارکین وطن کے لیے Medicaid کی اہلیت، جاری شدہ 18 اکتوبر 2021: Medicaid.gov/federal-policy-guidance/downloads/sho21005.pdf

- CMS SHO کا خط بہ سلسلہ: "قانونی طور پر مقیم" بچوں اور حاملہ خواتین کے لیے Medicaid اور CHIP کی کوریج، جاری شدہ 1 جولائی 2010: Medicaid.gov/federal-policy-guidance/downloads/SHO10006.pdf
- افغان مہاجروں کے لیے صحت کوریج کے اختیارات کا حقائق نامہ: Medicaid.gov/medicaid/eligibility/downloads/hlth-cov-option-afghan-evac-fact-sheet.pdf
- Medicaid.gov

---

[i] صحت بیمہ Marketplace امریکی محکمہ صحت و انسانی خدمات کا ایک رجسٹرڈ سروس مارکہ ہے۔
[ii] ذاتی ذمہ داری اور کام کے موقع سے متعلق ثالثی ایکٹ
(Personal Responsibility and Work Opportunity Reconciliation Act, PRWORA) (8 USC § 1613(a)) کا سیکشن 403
[iii] (8 USC § 1613(b) دیکھیں۔
[iv] افغان مہاجرین کے لیے صحت کوریج کے اختیارات کا حقائق نامہ (جاری شدہ 1 نومبر 2021) دیکھیں، جو Medicaid.gov/medicaid/eligibility/downloads/hlth-cov-option-afghan-evac-fact-sheet.pdf پر دستیاب ہے
[v] حاملہ اور وضع حمل کے بعد والے افراد کے لیے Medicaid اور CHIP کے تحت مخصوص کوریج میں ترمیم۔ ARP ایکٹ کا سیکشن 9812۔ BILLS-117hr1319enr.pdf (congress.gov)
[vi] (8 U.S.C § 1611(b)(1)